تجرباتی ایڈیشن

درسی کتاب

# 2

# اسلامیات

## جماعت دوم

یکساں قومی نصاب ۲۰۲۰ء کے مطابق

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلیے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور ناقابل فروخت ہے




حکومت بلوچستان کا پروگرام "معیاری تعلیم سب کے لیے"

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ

CamScanner

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

درسی کتاب

# اسلامیات

## جماعت دوم

یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جا رہی ہے اور ناقابل فروخت ہے


پبلشرز

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ

## جملہ حقوق بحق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ محفوظ ہیں

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق اور قومی نظر ثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ جملہ حقوق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں۔ منظور کردہ صوبائی محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کوئٹہ لیٹر نمبر: SO (Acad:) 2-1/2021/2289-93 مورخہ 14 اکتوبر 2021ء این او سی نمبر 281-83/CB مورخہ 17/12/2021 دفتر ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان، کوئٹہ۔ یہ درسی کتاب بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ نے سرکاری ونجی اسکولوں اور مدارس کے لئے طبع کی ہے۔ اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔


زیر نگرانی محمد رفیق طاہر جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر

قومی نصاب کونسل، وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد

تجرباتی ایڈیشن


مصنف:

معظم ادریس


## اراکین قومی جائزہ کمیٹی

ڈاکٹر فخر الزمان پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

شائستہ خاتون فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد

شہزادہ نعیم بابر ادارہ نصابیات و مرکز توسیع تعلیم، بلوچستان کوئٹہ

عظمٰی حمید فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد

شبانہ شاہین نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ، ایبٹ آباد خیبر پختونخوا

ڈاکٹر سلمان شاہد فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، اسلام آباد

عبدالعزیز محکمہ تعلیم، گلگت بلتستان

ایمن شریف وفاقی تعلیمی ادارہ جات کینٹ / گیریژن ڈائریکٹوریٹ، راولپنڈی

ڈیسک آفیسر: منصورہ ابراہیم قومی نصاب کونسل تکنیکی معاونت: نگہت لون، اسفندیار خان، جعفر خان ترین کوآرڈینیٹر: محمد سرفراز احمد

کمپوزر: اختر خان ڈیزائنر: بشارت احمد، شہباز جبار ایڈیٹر اینڈ ڈزائننگ: انعام خان کاکڑ

## اراکین صوبائی جائزہ کمیٹی

شہزادہ نعیم بابر۔ (ماہر مضمون) ادارہ نصابیات بلوچستان کوئٹہ مہوش عمران ۔۔ (ماہر مضمون) ادارہ نصابیات بلوچستان کوئٹہ، صفیہ نثار۔ (ماہر مضمون) ادارہ نصابیات بلوچستان کوئٹہ غلام دستگیر۔ (ماہر مضمون) ادارہ نصابیات بلوچستان کوئٹہ ۔ جہانگیر خان۔ ماہر مضمون ادارہ نصابیات بلوچستان کوئٹہ . نجمہ کاکڑ۔ (ماہر مضمون) ادارہ نصابیات بلوچستان کوئٹہ ڈاکٹر عزیزہ خان۔ (ڈپٹی ڈائریکٹر) بلوچستان اسسمنٹ اینڈ ایگزامینیشن کمیشن۔ ڈاکٹر قاری عبدالرشید۔ (مہتمم) جامعہ البنات بلوچستان کوئٹہ مفتی عبدالطاہر۔ (لیکچرر)۔ بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ، پروفیسر محمد شفیق۔ (اسسٹنٹ پروفیسر) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ۔ عبدالجبار مخلص۔ (جے۔ وی۔ ٹی) گورنمنٹ پرائمری سکول، ڈاکٹر عیسی محلہ۔ چمن سعید احمد مغل۔۔ (ایس۔ ایس۔ ٹی) گورنمنٹ ہائی سکول قلات، امیر حمزہ۔ (جے۔ وی۔ ٹی) گورنمنٹ پرائمری سکول خاران، مفتی محمد سلیم۔ (اسسٹنٹ پروفیسر) گورنمنٹ پوسٹ، گریجویٹ سائنس کالج کوئٹہ ،سعید احمد۔ (جے۔ وی۔ ٹی) گورنمنٹ پرائمری سکول۔ دکی , محمد انور۔ (جے۔ وی۔ ٹی) گورنمنٹ پرائمری سکول۔ لورالائی فریال پرویز (ایس۔ ایس۔ ٹی) گورنمنٹ گرلز مشن ہائی سکول کوئٹہ


نگران طباعت: کلیم اللہ کاکڑ (ماہر مضمون:)

پرنٹرز: پیراڈائم پرنٹرز لاہور



CS CamScanner

# اپیل

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ منظور شدہ نصاب کی روشنی میں درسی کتب کی اشاعت کو یقینی بنانے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ یہ درسی کتب ماہرین تعلیم، محققین اور ماہرین مضمون کی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ تاہم ہماری مسلسل کوششوں کے باوجود ممکنہ یا غیر ارادی غلطیوں کو رد نہیں کیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ معیاری درسی کتب کی تیاری اور بہتری کے عمل میں اصلاح کی گنجائش ہر وقت رہتی ہے۔

لہذا درسی کتب کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تمام بلاواسطہ یا بالواسطہ شرکاء جیسے طلباء، والدین، اساتذہ اور معاشرے کے نمائندگان کی (Feedback) کے حصول کے لیے بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ نے باقاعدہ (Feedback and Review Mechanism) قائم کیا ہے۔ جس کے ذریعے تمام آراء و تجاویز کو ٹیکسٹ بک بورڈ کے حال ہی میں قائم کردہ تحقیقی مرکز کو ارسال کیا جائے گا تاکہ تحقیقی مرکز میں موجود ماہرین ان کا تجزیہ کر کے انہیں درسی کتب کے معیار میں مجموعی اور ہمہ پہلو بہتری لانے کے لیے استعمال کر سکیں۔

ہمیں قوی امید ہے کہ مذکورہ تحقیق پر مبنی تجزیہ کے ذریعے درسی کتب کے معیار میں مجموعی اور ہمہ پہلو بہتری آئے گی۔ مطلوبہ (Feedback) مندرجہ ذیل طریقوں سے دی جاسکتی ہے۔ درسی کتب کی سکولوں میں ترسیل کے بارے میں بھی آگاہ کیا جاسکتا ہے۔

1۔ ویب سائٹ: www.btbb.com.pk
2۔ آفیشل ویب: "btbb official"
3۔ ای میل: btbb_quetta@yahoo.com
4۔ فون: 081-2470501-2470503

ڈاکٹر گلاب خان خلجی
چیئرمین
بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ۔


محکمہ تعلیم
حکومت بلوچستان
کا تعلیمی نظام سے
متعلق شکایات
کے ازالے کا نظام



www.emis.gob.pk
یاد رکھیں: باشعور معاشرے اپنے تعلیمی وسائل ضائع نہیں کرتے
Performance Management System

شکایات درج کروانے کیلئے کال کریں
081 111 098 765

# فہرست


| صفحہ نمبر | سبق | نمبر شمار |
|---|---|---|
| | **بابِ اوّل۔ قرآن مجید اور حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ** | |
| 1 | ناظرہ قرآن مجید | الف |
| 2 | حفظ و ترجمہ | ب |
| 9 | حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | ج |
| 11 | دعائیں (زبانی) | د |
| | **باب دوم۔ ایمانیات و عبادات الف (ایمانیات)** | |
| 12 | آسمانی کتابوں پر ایمان | 1 |
| 16 | فرشتوں پر ایمان | 2 |
| 19 | آخرت | 3 |
| | **ب (عبادات)** | |
| 22 | روزہ | 1 |
| 26 | عیدین و اسلامی تہوار | 2 |
| | **باب سوم : سیرتِ طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ** | |
| 30 | نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت و اطاعت | 1 |
| 34 | حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ | 2 |
| | **باب چہارم : اخلاق و آداب** | |
| 37 | اسلامی آداب زندگی | 1 |
| 41 | بڑوں کا ادب | 2 |
| 44 | جانوروں سے اچھا سلوک | 3 |
| | **باب پنجم : ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام** | |
| 47 | انبیاء کرام علیہم السلام | 1 |
| 52 | فرہنگ | |


CamScanner

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| | **بابِ اوّل۔ قرآن مجید اور حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** | |
| الف | ناظرہ قرآن مجید | 1 |
| ب | حفظ و ترجمہ | 2 |
| ج | حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | 9 |
| د | دعائیں (زبانی) | 11 |
| | **باب دوم۔ ایمانیات و عبادات** الف (ایمانیات) | |
| 1 | آسمانی کتابوں پر ایمان | 12 |
| 2 | فرشتوں پر ایمان | 16 |
| 3 | آخرت | 19 |
| | ب (عبادات) | |
| 1 | روزہ | 22 |
| 2 | عیدین و اسلامی تہوار | 26 |
| | **باب سوم : سیرتِ طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ** | |
| 1 | نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی محبت و اطاعت | 30 |
| 2 | حضرت محمد خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ | 34 |
| | **باب چہارم : اخلاق و آداب** | |
| 1 | اسلامی آداب زندگی | 37 |
| 2 | بڑوں کا ادب | 41 |
| 3 | جانوروں سے اچھا سلوک | 44 |
| | **باب پنجم : ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام** | |
| 1 | انبیاء کرام علیہم السلام | 47 |
| | فرہنگ | 52 |


CS CamScanner

# قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ

## (الف) ناظرہ قرآنِ مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآن مجید کے پہلے اور دوسرے پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔
- دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

## پاروں کے نام:

(1)

پارہ اول

الٓمّٓ

(2)

پارہ دوم

سَيَقُوْلُ

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- روزانہ تلاوتِ قرآن مجید کی عادت اپنائیں۔
- درست تلفظ کے ساتھ تلاوتِ قرآن مجید کی مشق کریں۔

- طلبہ کے مابین قرأت کا مقابلہ کرایا جائے۔
- ناظرہ قرآن مجید کا حصہ درست تلفظ اور تجوید سے پڑھایا جائے۔



CamScanner

# (ب) حفظِ قرآن مجید

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سورۃ الفلق اور سورۃ الناس درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- معوذ تین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔
- سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

## سُوْرَةُ الْفَلَقِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿1﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿2﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا
وَقَبَ ﴿3﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ﴿4﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿5﴾

## سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿1﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿2﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿3﴾ مِنْ شَرِّ
الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿4﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿5﴾ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿6﴾

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ جب اپنے بستر پر آرام فرمانے کے لیے لیٹتے تو اپنی دونوں ہتھیلیوں پر " قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ " اور " قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ " اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سب پڑھ کر دم کرتے پھر دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرہ پر اور جسم کے جس حصہ تک ہاتھ پہنچ پاتا پھیرتے۔ (صحیح البخاری، حدیث: 6319)

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو زبانی یاد کریں اور انہیں صبح و شام پڑھنے کا معمول بنائیں۔

- طلبہ کو معوذ تین یاد کروائیں۔



CamScanner

# (ج) حفظ و ترجمہ

**حاصلاتِ تعلم**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- تعوذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔
- یہ جان لیں کہ نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔
- روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (الحمد للہ، یرحمک اللہ)

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ترجمہ:
سو جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ (سورۃ النحل، آیت: 98)

## تَعَوُّذ

## اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں سکھایا ہے کہ جب بھی قرآن مجید کی تلاوت شروع کریں تو پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ لیا کریں۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- تعوذ کو مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔

- طلبہ کو تعوذ اور پڑھنے کی اہمیت، فوائد اور مواقع کے بارے میں بتائیں۔
- تلاوت قرآن مجید سے قبل تعوذ پڑھنے کی ترغیب دیں۔

# تَسْمِيَہ

ہر کام شروع کرنے سے پہلے تَسْمِیَہ (یعنی بسم اللہ) پڑھنا چاہیے۔

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

دین اسلام نے ہمیں جو آداب سکھائے ہیں۔ اُن میں سے ایک یہ ہے کہ ہم ہر اچھا کام اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کریں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ہمارے کاموں میں برکت ڈال دے اور اِس کی مدد ہمارے ساتھ شامل ہو جائے۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- تسمیہ کو مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔
- تین کام سوچ کر بتائیں: جن سے پہلے آپ تسمیہ پڑھتے ہیں۔

- طلبہ کو تسمیہ پڑھنے کی اہمیت، فوائد اور مواقع کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو ہر اچھا کام شروع کرنے سے پہلے تسمیہ پڑھنے کی مشق کروائیں۔



CamScanner

فرمان نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

میرے اوپر کثرت سے درود (صلاۃ) بھیجا کرو، اس لئے کہ تمہارے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں۔ (سنن ابی داوٗد، حدیث: 1531)

**مزید جانیے!**

اللہ اور اس کے فرشتے پیغمبر (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو! تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجا کرو۔ (سورۃ الاحزاب، آیت: 56)

# درود شریف

## صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

ترجمہ: سلامتی ہو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی آل پر اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اصحاب پر

**رنگ بھریں اور زبانی یاد کریں۔**

## صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- درود شریف زبانی یاد کریں۔
- جمعۃ المبارک کے دن درود شریف پڑھنے کا معمول بنائیں۔

**برائے اساتذہ کرام**

- طلبہ کو درود شریف کی فضیلت کے بارے میں بتائیں اور انھیں روزمرہ زندگی میں درود شریف کثرت سے پڑھنے کی ترغیب دلائیں۔



CamScanner

**آئیں جانیں**

ہمیں ہر وقت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔


اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے

# اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔



- مناسب مواقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے کی عادت ڈالیں۔

# مشق

1 جن مواقع پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے ان کے اندر رنگ بھریں۔

| | | |
|---|---|---|
| کھانا کھانے کے بعد | امتحان میں پاس ہونے پر | کتاب پڑھنے سے پہلے |
| تحفہ ملنے پر | سونے سے پہلے | نیا لباس پہن کر |
| پانی پینے کے بعد | چھینک آنے پر | |

برائے اساتذۂ کرام

- طلبہ کو روزمرہ کے کاموں میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھنے کے مواقع کی نشان دہی کروائیں۔
- طلبہ کو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی اہمیت اور طریقے بتائیں۔



CamScanner

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جارہی ہے اور نا قابل فروخت ہے


# يَرْحَمُكَ اللهُ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔

جب کسی کو چھینک آئے تو اسے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیے اور سننے والے کو يَرْحَمُكَ اللهُ کہنا چاہیے۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔



- طلبہ کو حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلىٰ آلِهٖ وَ أَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی روشنی میں اس دعا کا مفہوم اور اہمیت بتائیں۔

# (د) حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- دو مختصر صحیح احادیث مع ترجمہ سمجھ سکیں۔
- احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

**آئیں جانیں**

جب بھی نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام سنیں تو درود پڑھیں۔

ہمارے پیارے نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

## مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

ترجمہ: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ اپنی رحمت بھیجتا ہے

(صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ، حدیث: 384)

# اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

ترجمہ: نیکی حسن اخلاق کا نام ہے۔

(سنن الترمذی، حدیث: 2389)

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- دونوں احادیث کو یاد کر کے سمجھیں اور ان میں شامل تعلیمات پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔

- احادیث کی درست تلفظ اور اعراب کے ساتھ جماعت میں بلند خوانی کروائیں۔
- طلبہ کو حسنِ خلق کا مفہوم سمجھائیں اور عمل کرنے کے طریقے بتائیں۔

# (۵) دعائیں (زبانی)

حاصلات تعلم:

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- والدین کے لیے دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو جائیں۔

اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ دعا سکھائی ہے جس کو پڑھ کر ہم اپنے والدین کے لیے دعا کر سکتے ہیں۔

## رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا

ترجمہ:

اے پروردگار! جیسا انھوں نے مجھے بچپن میں شفقت سے پرورش کیا ہے۔ تو بھی ان کے حال پر رحم فرما۔

(سورۃ بنی اسرائیل، آیت: 24)

سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے اساتذہ کی مدد سے والدین کے لیے شکریہ کا کارڈ بنائیں۔
- دعا کو یاد کر کے روزانہ پڑھنے کا معمول بنائیں
- اس دعا کو خوبصورتی سے لکھ کر اپنے گھر میں لگائیں۔

- سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۲۳، ۲۴ کی روشنی میں طلبہ کو احترام والدین کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ سے والدین کے احترام و محبت پر گفتگو کریں۔



CamScanner

# ایمانیات و عبادات

## الف (ایمانیات)

## 1۔ آسمانی کتابوں پر ایمان

حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر الہامی کتب نازل کی ہیں۔
- الہامی کتب اور جن انبیاء کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں، ان کے نام جان سکیں۔
- یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے خاص بندوں پر آسمانی کتابیں نازل کی ہیں۔ اپنے جن بندوں کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابیں نازل کیں انھیں رسول اور نبی کہتے ہیں۔ ہم ان تمام آسمانی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے کہ

وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

ترجمہ: اور جو کتاب اے پیغمبر (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) تم پر نازل ہوئی اور جو کتابیں تم سے پہلے پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔ سب پر ایمان لاتے ہیں۔ (سورۃ البقرۃ، آیت: 4)



CamScanner

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلیے مفت تقسیم کی جاری ہے اور نا قابل فروخت ہے

# چار آسمانی کتابیں۔

چار آسمانی کتابوں کے نام اور جن انبیاء کرام علیہم السلام پر نازل فرمائی گئیں اُن کے نام یہ ہیں۔

**آئیں جانیں**

آسمانی کتابوں کو الہامی کتابیں بھی کہا جاتا ہے۔

1۔ **تورات مقدس** حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

2۔ **زبور مقدس** حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

3۔ **انجیل مقدس** حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔

4۔ **قرآن مجید** حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہوئی۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ تمام انسانوں کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ اس کے بعد اب کوئی آسمانی کتاب نازل نہیں ہوگی۔ اس لیے قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

(الف) 3　　(ب) 4　　(ج) 5

۲۔ آخری الہامی کتاب ہے۔

(الف) زبور مقدس　　(ب) انجیل مقدس　　(ج) قرآن مجید

۳۔ قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

(الف) انجیل مقدس　　(ب) قرآن مجید　　(ج) زبور مقدس

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ________ کے لیے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

۲۔ قرآن مجید ________ کا سرچشمہ ہے۔

۳۔ جن انبیاء کرام علیھم السلام پر کتابیں نازل ہوئیں انھیں ________ بھی کہتے ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے الہامی کتابیں کیوں نازل کیں؟

۲۔ آخری آسمانی کتاب کس رسول پر نازل ہوئی؟

۳۔ چار الہامی کتابوں کے نام بتائیں۔



CamScanner

**4** سبق میں دیے گئے رسولوں کے ناموں کو ان پر نازل ہونے والی کتاب سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ ◇ | ◇ تورات مقدس |
| حضرت داؤد علیہ السلام ◇ | ◇ زبور مقدس |
| حضرت عیسیٰ علیہ السلام ◇ | ◇ قرآن مجید |
| حضرت موسیٰ علیہ السلام ◇ | ◇ انجیل مقدس |



رنگ بھریں۔

قرآن مجید

- طلبہ کو قرآن مجید کے آخری الہامی کتاب ہونے کے ساتھ خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کے بارے میں بھی بتائیں۔
- الہامی کتابوں کے نام مع انبیاء کرام علیہم السلام کے نام کا چارٹ بنوا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔

# 2۔ فرشتوں پر ایمان

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں کے بارے میں جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔
- چار بڑے فرشتوں کے نام جان سکیں۔

فرشتوں پر ایمان لانے کا مطلب ہے اس بات پر یقین رکھا جائے کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نیک اور فرماں بردار مخلوق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں نور سے بنایا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے احکام مانتے ہیں اور ہر وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

حضرت جبریل علیہ السلام تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

ترجمہ: اور فرشتے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں۔ (سورۃ الشوریٰ، آیت: 5)

چار مشہور فرشتوں کے نام اور کام یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ حضرت جبریل علیہ السلام | اللہ تعالیٰ کا پیغام انبیاء کرام علیہم السلام تک پہنچانا |
| 2۔ حضرت عزرائیل علیہ السلام | تمام جانداروں کی روح قبض کرنا |
| 3۔ حضرت میکائیل علیہ السلام | تمام جانداروں کے لیے رزق اور بارش کا انتظام کرنا |
| 4۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام | قیامت سے پہلے صور پھونکنا |

فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی ذمہ داریاں دی ہیں۔ مثلاً ہوائیں چلانا، بارش برسانا اور دن رات کو باری باری لانا وغیرہ۔ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کائنات کے سب کام کرتے ہیں۔ ہمیں بھی چاہیے اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور تمام احکام مانیں تاکہ ہم اس کے فرماں بردار بندوں میں شامل ہو سکیں۔



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے۔

(الف) مٹی سے (ب) آگ سے (ج) نور سے

۲۔ فرشتوں کے سردار ہیں۔

(الف) حضرت جبریل علیہ السلام (ب) حضرت اسرافیل علیہ السلام (ج) حضرت میکائیل علیہ السلام

۳۔ ہر وقت عبادت میں مصروف رہتے ہیں۔

(الف) انسان (ب) فرشتے (ج) جنات

## 2 کالم ملائیں۔

فرشتوں کے ناموں کو ان کے متعلقہ کاموں سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| حضرت جبریل علیہ السلام ◇ | ◇ روح قبض کرنا |
| حضرت میکائیل علیہ السلام ◇ | ◇ صور پھونکنا |
| حضرت عزرائیل علیہ السلام ◇ | ◇ اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا |
| حضرت اسرافیل علیہ السلام ◇ | ◇ رزق اور بارش کا انتظام کرنا |



CamScanner

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ فرشتے اللہ تعالیٰ کی کون سی مخلوق ہیں؟

۲۔ چار مشہور فرشتوں کے نام بتائیں؟

۳۔ فرشتے سب کام کس کے حکم سے سرانجام دیتے ہیں؟

## 4 درج ذیل میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے جو کام فرشتے کرتے ہیں۔ ان میں رنگ بھریں۔

| | | |
|---|---|---|
| رزق لانا | کھانا پکانا | بارش برسانا |
| اللہ تعالیٰ کا پیغام لانا | موسموں کا بدلنا | سونا |

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اساتذہ کی مدد سے چار مشہور فرشتوں کے ناموں اور کاموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔

- فرشتوں کے حوالے سے طلبہ کے ذہن میں ابھرنے والے سوالات کا مستند معلومات سے جواب دیں۔

# 3۔ آخرت

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔
- آخرت اور جزا سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔

تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ آخرت پر ایمان لائیں۔ آخرت پر ایمان لانے کا مطلب اس حقیقت کا یقین کیا جائے کہ ہماری موجودہ دنیا ایک دن ختم ہو جائے گی۔ اس کے بعد ایک نئی زندگی شروع ہو گی۔ جس دن اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو دوبارہ زندہ کرے گا۔ وہ آخرت کا دن ہو گا۔ قیامت کے دن ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔ جس کی نیکیاں زیادہ ہوں گی اس کو انعام میں جنت دی جائے گی۔

**مزید جانیے!**

سب سے اعلیٰ جنت
جنت الفردوس ہے

اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا ہے۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ

ترجمہ: بے شک نیک لوگ نعمتوں میں ہوں گے۔ (سورۃ المطفّفین، آیت: 22)

جنت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی نعمتیں رکھی ہیں۔ ہم جس وقت جو کچھ بھی چاہیں گے وہ ہمیں مل جائے گا۔ جس کی برائیاں زیادہ ہوں گی وہ جنت میں نہیں جا سکے گا۔ اور ان تمام نعمتوں سے بھی محروم ہو جائے گا جو اللہ تعالیٰ نے جنت میں نیک لوگوں کے لیے رکھی ہیں۔

آخرت کے دن کامیاب ہونا ہی اصل کامیابی ہے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کی ہدایات کے مطابق گزاریں اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کریں تا کہ ہم جنت میں داخل ہو سکیں۔



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔ آخرت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

(الف) تمام اعمال (ب) اچھے کام (ج) برے کام

۲۔ اصل کامیابی ہے۔

(الف) سکول کی (ب) آخرت کی (ج) دنیا کی

۳۔ بے شک جنت میں ہوں گے۔

(الف) مالدار لوگ (ب) نیک لوگ (ج) خوبصورت لوگ

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

ا۔ سب سے اعلیٰ جنت ____________ ہے۔

۲۔ جنت میں وہ لوگ جائیں گے جن کی ____________ زیادہ ہوں گی۔

۳۔ جنت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی ____________ رکھی ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

ا۔ آخرت پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے؟

۲۔ ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے کس دن پیش کیے جائیں گے؟

۳۔ جنت میں جانے کے لیے کس کی بات ماننا ضروری ہے؟



CamScanner

یہ کتاب محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کی جانب سے تعلیمی سال 2025 کیلئے مفت تقسیم کی جا رہی ہے اور نا قابل فروخت ہے

جن کاموں کو کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں ان میں رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| صدقہ دینا | کھانا کھلانا |
| نماز پڑھنا | لڑائی کرنا |
| والدین کی نافرمانی کرنا | |

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں کہ آخرت میں کامیابی کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

- جنت کی نعمتوں کے بارے میں تفصیل سے بتائیں کہ بچوں کے ذہن میں ایک خاکہ بن جائے۔
- بچوں کو نیک کاموں کی فہرست بنوائیں جن کو کرنے سے ہم جنت میں جاسکتے ہیں۔

# (ب) عبادات

## 1۔ روزہ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔
- سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔

روزہ اسلام کا اہم رکن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر روزہ رکھنا فرض کیا ہے۔ روزے کا مطلب ہے کہ دن بھر کھانے پینے اور اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والے کاموں سے دور رہا جائے۔

**دل چسپ بات**

رمضان کے آخری عشرے میں ایک رات ایسی ہے جو ایک ہزار راتوں سے افضل ہے۔ اسے لیلۃ القدر کہا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے:

**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ**

ترجمہ: مومنو! تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں۔ (سورۃ البقرۃ، آیت: 183)

رمضان کے پورے مہینے میں روزے رکھے جاتے ہیں۔ ہر مسلمان اس مہینے میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کثرت سے عبادت اور قرآن مجید کی تلاوت کی جاتی ہے۔ مسلمان اس مہینے میں ایک دوسرے کا روزہ افطار کرواتے ہیں۔ صدقہ اور خیرات کرتے ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

سحری فجر سے پہلے اور افطاری مغرب کے بعد کی جاتی ہے۔

رمضان کے مہینے میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس مہینے میں نیکیوں کے ثواب کو ستر گنا تک بڑھا دیتا ہے۔

حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا ہے۔

''جس کسی نے رمضان کے روزے ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے رکھے اس کے اگلے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔ (صحیح بخاری، کتاب الصوم، حدیث: 1783)

اس لیے ہمیں رمضان میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنی چاہییں تا کہ ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکیں۔



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ روزہ اسلام کا ہے۔

(الف) رکن (ب) طریقہ (ج) عقیدہ

۲۔ سحری کی جاتی ہے۔

(الف) ظہر سے پہلے (ب) فجر سے پہلے (ج) عصر سے پہلے

۳۔ روزہ افطار کیا جاتا ہے۔

(الف) ظہر سے پہلے (ب) مغرب سے پہلے (ج) مغرب کے بعد

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے تمام مسلمانوں پر روزہ رکھنا ______ کیا ہے۔

۲۔ مسلمان رمضان میں ایک دوسرے کا روزہ ______ کرواتے ہیں۔

۳۔ رمضان میں ______ کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ رمضان میں نیکیوں کے ثواب کو کتنا بڑھا دیا جاتا ہے؟

۲۔ روزے کس اسلامی مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟

۳۔ رمضان میں کرنے والے دو کام بتائیں؟



CamScanner

## 4 اسلامی مہینوں کے نام جانیں اور ان کا چارٹ بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 محرم | 2 صفر | 3 ربیع الاول |
| 4 ربیع الثانی | 5 جمادی الاول | 6 جمادی الثانی |
| 7 رجب | 8 شعبان | 9 رمضان |
| 10 شوال | 11 ذی القعد | 12 ذی الحج |

## 5 دیے گئے جدول میں سے درج ذیل الفاظ تلاش کریں

نیکی | فجر | سحری | رمضان | روزہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | ن | ی | ک | ی | ر |
| ح | ی | ف | ج | ر | و |
| ر | م | ض | ا | ن | ز |
| ی | ی | ک | ب | ط | ہ |

## 6 آپ جو کام رمضان میں کرتے ہیں ان کے سامنے اپنی پسند کا رنگ بھریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| افطاری کروانا | | سحری کرنا | |
| کھجور سے افطار کرنا | | جمعہ پڑھنا | |
| روزہ رکھنا | | تراویح پڑھنا | |

### سرگرمیاں برائے طلبہ

- رمضان میں دوستوں کی افطاری کروائیں۔
- اپنے پہلے روزے کے بارے میں اپنے دوستوں کو بتائیں۔

- بچوں کو ارکان اسلام کا تعارف کروائیں اور اسلامی مہینوں اور ارکان اسلام کے بارے میں نظمیں سنوائیں۔
- رمضان کے بارے میں اہم معلومات سحری، افطاری، لیلۃ القدر، اور طاق راتوں کا تعارف کروائیں۔



CamScanner

# 2۔ عیدین و اسلامی تہوار

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ رمضان المبارک کے بعد عید الفطر آتی ہے۔
- یہ جان سکیں کہ عید الاضحیٰ ذی الحج کے مہینے میں آتی ہے۔
- عیدین کے موقع پر کیے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔
- پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو خوشی منانے اور شکر ادا کرنے کے لیے دو عیدیں عطا کی ہیں۔

عیدالفطر　　　عیدالاضحیٰ

## عیدالفطر

رمضان المبارک میں روزے رکھنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں انعام کے طور پر عید الفطر عطا کی ہے۔ یہ رمضان کے بعد آنے والے مہینے شوال کی پہلی تاریخ کو منائی جاتی ہے۔ اس روز اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو رمضان کے روزوں اور راتوں میں عبادت کرنے کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ اس دن نماز عید سے پہلے کوئی میٹھی چیز یا کھجوریں کھانا سنت ہے۔ عید الفطر کے موقع پر فطرانہ ادا کیا جاتا ہے تاکہ غریب مسلمان بھی عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکیں۔



CamScanner

## عیدالاضحیٰ

عیدالاضحیٰ دس ذوالحج کو منائی جاتی ہے۔ اس دن اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے قربانی کی تھی۔ تمام دنیا کے مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لیے آپ علیہ السلام کی سنت کی پیروی میں جانور قربان کرتے ہیں۔

ہمیں چاہیے کہ ان اسلامی تہواروں کو جوش و خروش سے منائیں۔

اپنی خوشیوں میں غریبوں کو بھی یاد رکھیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

**عید کی سنتیں**

- اونچی آواز میں تکبیرات پڑھنا
- اچھا لباس پہننا
- عید کا خطبہ خاموشی سے سننا
- خوشبو لگانا

## عید کی تکبیرات

**اَللّٰہُ اَکْبَرْ اَللّٰہُ اَکْبَرْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرْ**

**اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ**

ترجمہ:

اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں۔

**عید کی تکبیرات اونچی آواز میں پڑھنی چاہییں۔**



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ عیدالفطر منائی جاتی ہے۔

(الف) یکم شوال کو (ب) یکم رمضان کو (ج) یکم شعبان کو

۲۔ عیدالفطر پر ادا کیا جاتا ہے۔

(الف) عشر (ب) فطرانہ (ج) زکوۃ

۳۔ قربانی کرنا سنّت ہے۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام کی (ب) حضرت نوح علیہ السلام کی (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام کی

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ عیدین مسلمانوں کے ________ ہیں۔

۲۔ عیدالفطر کی نماز سے پہلے کوئی ________ کھانا سنت ہے۔

۳۔ عید کے دن اونچی آواز میں ________ پڑھنی چاہییں۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون سی دو عیدیں عطا کی ہیں؟

۲۔ عیدالاضحیٰ کب منائی جاتی ہے؟

۳۔ قربانی کس نبی علیہ السلام کی سنّت میں ادا کی جاتی ہے؟




CamScanner

4 مسلمان کس کس جانور کی قربانی کرتے ہیں۔ نام لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- عید کے دن کی مصروفیات اپنے دوستوں کو سنائیں۔



برائے اساتذہ کرام

- طلبہ کو قربانی کے متعلق بتائیں۔
- فطرانہ کا تعارف کروائیں اور اس کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں بتائیں۔

## سیرت طیبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

# 1۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت واطاعت

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔
- یہ جان سکیں کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت ہمارے ایمان کا لازمی حصہ ہے۔ کوئی بھی انسان اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی محبت اس کے دل میں دنیا کی ہر چیز سے زیادہ نہ ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ

ترجمہ: جو شخص رسول (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) کی فرمانبرداری کرتا ہے تو بے شک اس نے اللہ تعالیٰ کی فرماں برداری کی۔ (سورۃ النساء، آیت: 80)

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا:۔

جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔ (صحیح البخاری، حدیث: 7280)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ہر فرمان تسلیم کیا جائے۔ اپنی زندگی کے سب کام سنت رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے مطابق انجام دیے جائیں۔

**ارشادِ باری تعالیٰ ہے!**

اے پیغمبر (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) لوگوں سے کہہ دو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اللہ بھی تمہیں دوست رکھے گا۔ (سورۃ آلِ عمران، آیت: 31)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے اپنی جان، مال اور اولاد سے بڑھ کر محبت کرتے۔ ہر معاملے میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کرتے تھے۔

اس لیے ہمیں چاہیے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے سب سے زیادہ محبت کریں۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سنتوں پر عمل کریں۔





CS CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ جس نے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کی اس نے اطاعت کی۔

(الف) اللہ تعالیٰ کی (ب) انبیاء کرام علیہم السلام کی (ج) فرشتوں کی

۲۔ جس نے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت کی وہ ان کے ساتھ ہوگا۔

(الف) مکہ مکرمہ میں (ب) مدینہ منورہ میں (ج) جنت میں

۳۔ ہمیں سب سے زیادہ کس سے محبت کرنی چاہیے؟

(الف) دوستوں سے (ب) اساتذہ سے (ج) نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے ____________ ایمان کا حصہ ہے۔

۲۔ جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اسے ____________ کی اطاعت کرنی چاہیے۔

۳۔ صحابہ کرامؓ ہر معاملے میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ____________ کرتے تھے۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے محبت کا کیا تقاضا ہے؟

۲۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں کس کی اطاعت کرنی چاہیے؟

۳۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے کتنی محبت کرتے تھے؟




CamScanner

## سرگرمیاں برائے طلبہ

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سنتوں میں مختلف رنگ بھریں۔

- السلام علیکم کہنا
- کمزوروں کی مدد کرنا
- بڑوں کا احترام کرنا
- صاف ستھرے رہنا
- دائیں ہاتھ سے کھانا
- جانوروں سے پیار کرنا

## رنگ بھریں




حضرت مُحَمَّد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

- طلبہ کو سنت کا مفہوم بتائیں۔
- طلبہ کو حب رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں مزید بتائیں۔
- طلبہ کو چھوٹی چھوٹی سنتوں کے بارے میں بتائیں اور ان پر عمل کرنے کی تاکید کریں۔

# 2۔ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق حسنہ

**حاصلاتِ تعلم**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے عفو و درگزر، رحم دلی، ایفائے عہد کے بارے میں جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

اخلاق سے مراد اچھی عادات ہوتی ہیں۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے بہترین اخلاق کا مالک بنایا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِیْمٍ

ترجمہ:

اور (اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ) یقیناً آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر ہو۔ (سورۃ القلم، آیت:4)

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بہت رحم دل تھے اور لوگوں کی غلطیوں کو معاف کر دیا کرتے تھے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ اپنے ساتھ برا سلوک کرنے والوں سے بھی اچھے اخلاق سے پیش آتے تھے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ صرف انسانوں پر نہیں بلکہ ہر جاندار چیز پر مہربان تھے۔

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہمیشہ وعدے کی پابندی کیا کرتے تھے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے۔

لَا دِیْنَ لِمَنْ لَّا عَهْدَ لَهٗ

ترجمہ: جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں۔ (مسند احمد، حدیث:5140)

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پوری زندگی اخلاق حسنہ کا بہترین نمونہ ہے۔

اس لئے ہمیں چاہیے کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی سیرت پر عمل کرتے ہوئے اچھے اخلاق اپنائیں۔



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اخلاق کا مطلب ہے۔

(الف) اچھی عادات (ب) رہنا سہنا (ج) گفتگو کرنا

۲۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تھے

(الف) بہت رحمدل (ب) لوگوں کی غلطیوں کو معاف کر دیتے (ج) الف، ب دونوں

۳۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ مہربان تھے۔

(الف) انسانوں پر (ب) ہر جاندار پر (ج) الف، ب دونوں

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ یقیناً آپ ________ کے اعلیٰ مرتبے پر ہو۔

۲۔ جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی ________ نہیں۔

۳۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ہر ________ چیز پر مہربان تھے۔

۴۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پوری زندگی اخلاق حسنہ کا بہترین ________ تھی۔

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ ہمارے لیے کس کی زندگی بہترین نمونہ ہے؟

۲۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ انسان اور جانداروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

۳۔ وعدہ پورا کرنا کیوں اہم ہے؟



CamScanner

## سرگرمیاں برائے طلبہ

**4** درج ذیل الفاظ جدول میں سے تلاش کر کے لکھیں۔

| مہربان | نبی | رحمت | اخلاق | عہد |
|---|---|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | س | ر | ح | م | ت |
| ا | خ | ل | ا | ق | ط |
| ش | ل | ن | ب | ی | ا |
| ع | ہ | د | ت | ی | ء |
| م | ہ | ر | ب | ا | ن |

**5** نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی جو صفات سبق میں بیان ہوئی ہیں ان میں سے دو لکھیں۔

## رنگ بھریں

# رحمت للعالمین

- طلبہ کو نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے حسن اخلاق کے مزید واقعات سنائیں۔
- نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے رحمت للعالمین ہونے کی وضاحت کریں۔
- سیرت طیبہ کی مختلف خصوصیات پر عمل کرنے کی ترغیب دیں۔



CamScanner

# اخلاق و آداب

## 1۔ اسلامی آدابِ زندگی

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآن وسنت کی روشنی میں روزمرہ زندگی کے آداب جان سکیں۔
- کھانے پینے اور گفتگو کے آداب جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں ان آداب پر عمل کر سکیں۔

اسلام ایک مکمل دین ہے۔ دینِ اسلام میں زندگی گزارنے کے بہت سے آداب سکھائے گئے ہیں۔ ہم معاشرے میں بہت سے لوگوں کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہمیں زندگی گزارنے کے آداب معلوم ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کھانے پینے کی بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ اور ان نعمتوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے اسلام میں آداب بھی سکھائے گئے ہیں۔ جن کا ہمیں خیال رکھنا چاہیے۔ کھانے پینے کے آداب درج ذیل ہیں۔

### کھانے پینے کے آداب

- کھانا کھانے سے پہلے اچھی طرح ہاتھ دھوئیں۔
- کھانا شروع کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰهِ پڑھیں۔
- کھانا دائیں ہاتھ سے کھائیں۔
- کھانے میں پھونک نہ ماریں۔
- کھانا کھانے کے بعد اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ کہیں۔
- کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھوئیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا بھول جائیں تو کھانے کے درمیان یہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

(مسند احمد، حدیث: 7391)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

ترجمہ: تعریف اس اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں کھلایا۔
اور جس نے ہمیں پلایا اور جس نے ہمیں مسلمان بنایا۔

## گفتگو کے آداب

ہمیں گفتگو کرتے ہوئے ان آداب کا خیال رکھنا چاہیے۔

- زیادہ اونچی آواز میں نہیں بولنا چاہیے۔
- جب دو لوگ آپس میں بات کر رہے ہوں تو ان کے درمیان نہ بولیں۔
- بڑوں کے ساتھ ادب سے بات کریں۔
- دوسروں کی بات توجہ سے سنیں۔

**مزید جانیے!**

اور ایک دوسرے کو برے ناموں سے نہ پکارو (سورۃ الحجرات، آیت: 11)

ہمیں چاہیے کہ ہم بات کرتے ہوئے دوسروں کا خیال رکھیں۔ کسی کو اپنی گفتگو سے تکلیف نہ دیں اور نہ کسی کا دل دکھائیں۔



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھنی چاہیے۔

(الف) اَلْحَمْدُلِلّٰہِ (ب) بِسْمِ اللّٰہِ (ج) اَعُوْذُ بِاللّٰہِ

۲۔ گفتگو کے دوران آواز رکھنی چاہیے۔

(الف) زیادہ اونچی (ب) زیادہ نیچی (ج) درمیانی آواز

۳۔ کھانا کھانا چاہئے۔

(الف) دائیں ہاتھ سے (ب) بائیں ہاتھ سے (ج) دونوں ہاتھوں سے

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ زیادہ ________ آواز میں نہیں بولنا چاہیے۔

۲۔ دو لوگ آپس میں بات کر رہے ہوں تو ان کے ________ نہ بولیں۔

۳۔ کھانا کھانے کے بعد ہاتھ ________ چاہیے۔



CamScanner

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

ا۔ ہمیں زندگی گزارنے کے آداب کس نے سکھائے ہیں؟

۲۔ کھانا کھانے کے بعد کیا کہنا چاہیئے۔

۳۔ گفتگو کے کوئی سے دو آداب بتائیں؟

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- جماعت میں مل کر کھانے کے آداب کے مطابق کھانا کھائیں۔
- کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا کا چارٹ بنا کر کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔
- بچے اچھی طرح ہاتھ دھونے کی مشق کریں۔

- طلبہ کو کھانا ضائع کرنے سے بچنے کی تاکید کریں اور طریقے بتائیں۔
- گفتگو کے آداب کی کلاس میں بار بار مشق کروائیں۔
- طلبہ کو ان باتوں سے آگاہ کریں جو گفتگو کے آداب کے خلاف ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہاتھ دھونے کیوں ضروری ہیں؟

# 2۔ بڑوں کا ادب

حاصلات تعلم

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- قرآن وسنت کی روشنی میں بڑوں کے ادب واحترام کے بارے میں جان سکیں۔
- بڑوں کے ادب واحترام کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔
- بڑوں کے احترام کی عادت کو اپنا سکیں۔

دین اسلام میں ہمیں بڑوں کا ادب کرنے کی بہت تاکید کی گئی ہے۔ ہمارے بڑے ہمیں اچھی باتیں اور اچھی عادات سکھاتے ہیں۔ ہمارا خیال رکھتے ہیں۔ ہماری حفاظت کرتے ہیں اور اچھے کاموں پر ہمیں شاباش دیتے ہیں۔ ہمیں اپنے بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔

نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا ارشاد ہے:

اس شخص کا تعلق ہم سے نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہمارے بڑوں کا ادب نہیں کرتا۔

(جامع الترمذی، حدیث: 1921)

- بڑوں سے سلام میں پہل کریں۔
- بڑوں کا نام لے کر نہ پکاریں۔
- اپنے گھر کے بزرگوں کی ان کے کاموں میں مدد کریں۔
- بڑوں کے ساتھ جاتے ہوئے ان کے آگے نہ چلیں۔
- اپنے والدین اور بڑے بہن بھائیوں کی بات مانیں۔

### بڑوں کے ادب کے فوائد:

جب ہم بڑوں کا ادب کرتے ہیں تو وہ ہمیں خوش ہو کر دعا دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ بھی ہم سے خوش ہوتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہمیشہ بڑوں کا ادب کریں۔



CamScanner

# مشق

1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ ہم اپنے بڑوں سے سیکھ سکتے ہیں۔

(الف) اچھی باتیں (ب) اچھی عادات (ج) الف، ب دونوں

۲۔ بڑوں سے ملیں تو سب سے پہلے کریں۔

(الف) سلام (ب) بات (ج) نصیحت

۳۔ بزرگوں کی مدد کریں۔

(الف) باتوں میں (ب) کھانے میں (ج) کاموں میں

2 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ بڑوں کا ادب کرنے کے دو فائدے بتائیں۔

۲۔ نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بڑوں کے احترام کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

۳۔ ہم بڑوں کا ادب کرتے ہیں تو وہ خوش ہو کر کیا کرتے ہیں؟

3 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ ہمارے بڑے ہمیں ________ سکھاتے ہیں۔

۲۔ بڑوں سے ملیں تو سلام میں ________ کریں۔

۳۔ بڑے ہماری ________ کرتے ہیں۔



CamScanner

اپنے ارد گرد موجود لوگوں کی فہرست بنائیں کون سے لوگ آپ سے بڑے ہیں جن کا آپ کو احترام کرنا چاہیے۔

| | مسجد اور محلے میں | گھر اور خاندان میں | سکول میں |
|---|---|---|---|
| (1) | ________ | ________ | ________ |
| (2) | ________ | ________ | ________ |
| (3) | ________ | ________ | ________ |

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- آپ نے گھر میں اپنے بڑوں سے کون کون سی باتیں سیکھی ہیں۔ سوچ کر آئیں اور جماعت میں بتائیں۔
- روزمرہ زندگی میں آپ بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں؟ استاد کو بتائیں۔

- بچوں سے اس سبق پر گفتگو کریں اور حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اس سبق کو تفصیل سے سمجھنے کے لیے سوالات کریں۔
- بچوں کو موجودہ حالات کے تناظر میں اجنبی لوگ جو عمر میں بڑے ہیں ان سے رابطہ رکھنے کی حدود کے بارے میں بتائیں۔



CamScanner

# 3۔ جانوروں سے اچھا سلوک

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- تمام جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور ان سب کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔
- جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔
- جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے جانوروں کو ہمارے فائدے کے لیے پیدا کیا ہے۔ اسلام میں ہمیں تاکید کی گئی ہے کہ ہم ان سے اچھا سلوک کریں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وَالۡاَنۡعَامَ خَلَقَهَا لَكُمۡ فِيۡهَا دِفۡءٌ وَّمَنَافِعُ

ترجمہ: اور مویشیوں کو بھی اس نے پیدا کیا۔ ان میں تمہارے لیے سردی سے بچاؤ اور بہت سے دوسرے فائدے ہیں۔
(سورۃ النحل، آیت: 5)

**مزید جانیے!**

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے منع کیا ہے کہ جانوروں کو باندھ کر ان پر نشانہ بازی کی جائے۔

آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جانوروں کو تکلیف دینے سے منع فرمایا ہے اور جانوروں پر رحم کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایک بار آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ایک اونٹ کو دیکھا جو بیمار تھا اور اس پر بھاری بوجھ لادا ہوا تھا۔ اس کا مالک بار بار اسے مارتا تھا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اونٹ کے مالک سے فرمایا اپنے جانور پر رحم کرو یہ بیمار اور کمزور ہے۔ اس پر ظلم نہ کرو۔

ہمیں چاہیے کہ جانوروں کا خیال رکھیں۔ جو پالتو جانور گھر میں ہیں ان کے کھانے، پانی پلانے اور گرمی سردی اور بارش سے بچانے کا خیال کریں۔ جانوروں کو بلاوجہ نہ ماریں اور نہ ہی ان کو کوئی تکلیف پہنچائیں۔



CamScanner

# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔

(الف) سونے کے لیے　(ب) کھانے کے لیے　(ج) انسانوں کے فائدے کے لیے

۲۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کس بیمار جانور کو دیکھا؟

(الف) بلی　(ب) اونٹ　(ج) دنبہ

۳۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اونٹ کے مالک سے فرمایا۔

(الف) جانور پر رحم کرو　(ب) جانور پر ظلم نہ کرو　(ج) الف، ب دونوں

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے جانوروں کو ہمارے ________ کے لیے پیدا کیا ہے۔

۲۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جانوروں کو تکلیف دینے سے ________ فرمایا ہے۔

۳۔ ہمیں پالتو جانوروں کے کھانے اور ________ کا خیال رکھنا چاہیے۔



CamScanner

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

ا۔ جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

۲۔ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے اونٹ کے مالک سے کیا فرمایا؟

۳۔ ہمارے گھر میں جو جانور ہوں ان کا خیال کیسے رکھنا چاہیے؟

## 4 کون کون سے جانور آپ گھر میں پال سکتے ہیں؟ نام لکھیں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ

- آپ اپنے پالتو جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں۔ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- آپ نے کبھی کسی زخمی یا بیمار جانور کی مدد کی ہے تو اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔

- طلبہ کو جانوروں کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کے بارے میں مزید تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو جانوروں کے بارے میں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے کون کون سے فائدوں کے لیے انھیں بنایا ہے۔



CamScanner

باب پنجم

# ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام

## انبیاء کرام علیہم السلام

حاصلاتِ تعلم

اس سبق کی تکمیل پر طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سابقہ انبیائے کرام علیہم السلام میں سے حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں۔
- انبیاء کرام پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔

**مزید جانیے!**

تمام نبیوں اور رسولوں نے انسانوں کو توحید کی دعوت دی۔
توحید کا مطلب ہے صرف ایک اللہ کی عبادت کی جائے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ

ترجمہ:
اور ہم نے جو پیغمبر بھی بھیجا ہے۔ اسی لیے بھیجا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق اس کا حکم مانا جائے۔ (سورۃ النساء۔ آیت نمبر: 64)

حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے نبی اور انسان تھے۔ سارے انسان حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں۔

حضرت نوح علیہ السلام بھی اللہ تعالیٰ کے نبی تھے۔ آپ علیہ السلام نے ساڑھے نو سو سال تک لوگوں کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی تھے۔ آپ علیہ السلام نے اپنے بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ تعمیر کیا۔



CamScanner

حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر میں پیدا ہوئے موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو فرعون کے ظلم سے نجات دلائی۔

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو تورات مقدس عطا کی۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

حضرت داؤد علیہ السلام کی آواز بہت سریلی تھی۔
جب آپ زبور مقدس کی تلاوت کرتے تو پرندے بھی سننے کے لئے ٹھہر جاتے۔

حضرت داؤد علیہ السلام فلسطین میں پیدا ہوئے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایک زبردست حکومت عطا کی۔ آپ علیہ السلام پر زبور مقدس نازل ہوئی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے پیارے بندے اور نبی تھے۔ آپ علیہ السلام کی دعا سے بیماروں کو شفا ملتی تھی۔
آپ علیہ السلام پر انجیل مقدس نازل ہوئی۔

سب سے آخر میں اللہ تعالیٰ نے دنیا کے تمام انسانوں کی ہدایت کے لیے
حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو بھیجا۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ پر قرآن مجید نازل ہوا۔
اور آپ صَلَّی اللہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ أَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں



# مشق

## 1 درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے بھیجے۔

(الف) فرشتے (ب) نبی اور رسول علیہم السلام (ج) جنات

۲۔ دنیا کے پہلے انسان ہیں۔

(الف) حضرت داؤد علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت آدم علیہ السلام

۳۔ کون سے نبی علیہ السلام کی آواز بہت سریلی تھی؟

(الف) حضرت داؤد علیہ السلام نے (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے (ج) حضرت آدم علیہ السلام نے

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام ______ میں پیدا ہوئے۔

۲۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ______ نازل ہوئی۔

۳۔ حضرت نوح علیہ السلام ______ نے سال تبلیغ کی۔



CamScanner

## 3 درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سا معجزہ عطا کیا؟

۲۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کس کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ کی تعمیر کی؟

۳۔ سارے انسان کس کی اولاد ہیں؟

## 4 دیے گئے جدول میں سے یہ الفاظ تلاش کر کے لکھیں۔

سجدہ | خلیفہ | فرشتہ | آدم | شیطان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ف | ر | ش | ت | ہ | ش |
| خ | چ | ب | س | ء | ی |
| ل | آ | ن | ج | ی | ط |
| ی | د | و | د | س | ا |
| ف | م | ے | ہ | م | ن |
| ہ | ک | ا | ز | و | ش |



CS CamScanner

7 سبق میں جن انبیاءکرام علیہم السلام کے نام آئے ہیں ان کے نام خوشخط لکھیں۔

______

______ ______

______

______ ______

______



CamScanner

# فرہنگ


| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| اخلاق حسنہ | اچھے اخلاق |
| اطاعت | پیروی |
| انبیاء | نبی کی جمع، اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانوں کی ہدایت کے لیے پیغام لانے والے۔ |
| انجام دینا | کسی کام کو مکمل کرنا |
| ایفائے عہد | وعدہ پورا کرنا |
| بابرکت | برکت والا/والی |
| تسلیم کرنا | ماننا |
| جوش وخروش | جوش اور جذبہ |
| چوپائے | چار پاؤں والے جانور |
| حفظ کرنا | زبانی یاد کرنا |
| درگزر کرنا | معاف کرنا |
| فرماں بردار | حکم ماننے والا |
| قرأت | تلاوت کرنا |
| قواعد | اصول |
| کثرت | بہت زیادہ |
| معمول بنانا | عادت بنانا |
| معوذتین | سورۃ الفلق اور سورۃ الناس |
| موزوں | مناسب |

جملہ حقوق بحق بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں

یہ کتاب یکساں قومی نصاب 2020 کے مطابق اور قومی نظرثانی کمیٹی کی منظور کردہ ہے۔ ۔ ۔ عوں بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ محفوظ ہیں۔ منظور کردہ صوبائی محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان کوئٹہ لیٹر نمبر: SO (Acad:) 2-12021/2289-93 مورخہ 14 اکتوبر 2021ء این او سی نمبر 281-83/CB مورخہ 17/12/2021 دفتر ڈائریکٹر بیورو آف کریکولم اینڈ ایکسٹینشن سینٹر بلوچستان، کوئٹہ۔ یہ درسی کتاب بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ نے سرکاری ونجی اسکولوں اور مدارس کے لئے طبع کی ہے۔ اس کتاب کا کوئی حصہ نقل یا ترجمہ نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی اسے ٹیسٹ پیپرز، گائیڈ بکس، خلاصہ جات، نوٹس یا امدادی کتب کی تیاری میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- رشوت لینے اور دینے والا دونوں جہنمی ہیں۔
- بدعنوانی ملکی ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔
- بدعنوانی سے خود بھی بچیں اور دوسروں کو بھی روکیں۔
- بدعنوانی اور رشوت ستانی ضمیر کی موت ہے۔
- بدعنوانی اخلاقی دیوالیہ پن کو جنم دیتی ہے۔

قومی احتساب بیورو بلوچستان




## قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد بَاد　　کِشورِ حَسِین شاد بَاد

تُو نشانِ عَزمِ عالی شان　　اَرضِ پاکِستان

مرکزِ یقین شاد بَاد

پاک سَرزمین کا نِظام　　قُوّتِ اُخُوّتِ عوام

قوم، مُلک، سَلطنت　　پائندہ تابندہ باد

شاد بَاد منزِلِ مُراد

پَرچَمِ سِتارہ و ہِلال　　رَہبرِ تَرَقّی و کمال

ترجمانِ ماضی شانِ حال　　جانِ اِستِقبَال

سَایۂ خدائے ذُوالجلال

کوڈ نمبر ISL II=487/SNC.2020.(2022)

| سالِ اشاعت | ایڈیشن | تعداد | قیمت |
| --- | --- | --- | --- |
| 2025 | اوّل | 214000 | مفت تقسیم |